Overseas Pakistanis' Bungalows Residents' Welfare Association

سرکلر نمبر 01/2026

بتاریخ: 13 جنوری 2026

جنوری 2026 سے ماہانہ کنٹریبیوشن میں 100 روپے کا اضافہ

ایسوسی ایشن کے منظور شدہ آئین کی شق 6(e)viii کے تحت ماہانہ مینٹیننس/کنٹریبیوشن میں 100 روپے کا اضافہ کر دیا گیا ہے جو کیم **جنوری** 2026 سے لاگو ہوگا جسکو **یکم فروری** 2026 سے وصول کیا جائے گا۔

اب ماہانہ کنٹریبیوشن 2400 روپے سے بڑھ کر 2500 روپے ہوگی جبکہ خالی گھروں سے 1600 روپے لئے جائیں گے۔

جن مکینوں نے ماہانہ کنٹریبیوشن میں ایسوسی ایشن سے ڈسکاؤنٹ حاصل کیا ہوا ہے اور کم پیسے دے رہے ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ دوبارہ نئی درخواست ایسوسی ایشن آفس میں جمع کروائیں تاکہ نئی ایگزیکٹیو کمیٹی ان درخواستوں پر جائزہ لیکر اسکو منظور کر سکے۔

پچھلے بقایاجات پچھلے شرح سے ہی وصول کیے جائیں گے۔

تمام رہائشی جن میں مالکان و کرایہ دار دونوں شامل ہیں اور ساتھ رہتے ہیں نوٹ فرمالیں کہ وہ پہلے کی طرح الگ الگ ماہانہ کنٹریبیوشن دیں گے۔ تمام دکاندار **جنوری** 2026 سے اب پوری کنٹریبیوشن یعنی 2500 روپے ماہانہ کی ادائیگی کیا کریں گے۔

شکریہ

حبیب الرحمٰن خان

جنرل سیکریٹری

Overseas Pakistanis' Bungalows Residents' Welfare Association

سرکلر نمبر 02/2026

بتاریخ: 13 جنوری 2026

صابر سوئیپر کے ماہانہ چارجز میں 100 روپے کا اضافہ

صابر خوشی سوئیپر ہماری سوسائٹی میں پچھلے 26 سالوں سے خاکروب کی خدمات انجام دے رہا ہے۔ صابر اپنی ٹیم کے ساتھ ہر گھر سے روزانہ کی بنیاد پر نہ صرف کچرہ اُٹھاتا ہے بلکہ ہر گلی وسڑک کی جھاڑو اور ہر گھر کے سامنے کا گٹر کی صفائی بھی اسکی ڈیوٹی میں شامل ہے۔ اسکے علاوہ اگر کسی گھر کے اندر یا باہر کی سیوریج لائن و نالی بند ہو جائے تو بھی اسکی صفائی کے لئے اسکی ٹیم موجود رہتی ہے جسکے لئے وہ مناسب معاوضہ طے کر کے اس کام کو انجام دیتا ہے۔ بقرعید پر آلائشوں، جانوروں کا فضلہ و چارہ اور پورے علاقہ کی صفائی و گھانس پھوس نکالنا و اُٹھانہ بھی اسی کی ٹیم کرتی ہے۔ یعنی پورے سال اسکی ٹیم بہت محنت کے ساتھ اپنی ذمہ داریوں کو نبھاتی ہے۔

آخری بار اسکے ماہانہ چارجز میں 2022 میں اضافہ کیا گیا تھا۔ کیونکہ ان چار سالوں میں مہنگائی کی شرح میں کافی اضافہ ہو چکا ہے اور صابر کو اپنی ٹیم کی تنخواہوں میں اضافہ کرنا ہے لہذا اسکی درخواست پر ایسوسی ایشن نے ماہانہ 100 روپے کا اضافہ منظور کر لیا ہے۔

صابر اب فروری 2026 سے ہر گھر اور پورشن سے 100 روپے اضافہ کہ بعد 700 روپے ماہانہ چارجز وصول کرے گا۔
امید ہے ہے تمام مکین اسکے ساتھ تعاون فرمائیں گے۔

شکریہ

حبیب الرحمٰن خان
جنرل سیکریٹری

Scanned with CamScanner